ترحیم

ادارہ

مسافرینِ آخرت

حاجی محمد صدیق مرحوم:

احرار کارکن محترم محمد یوسف صاحب کے چچا حاجی محمد صدیق صاحب ۲۶ جولائی جمعۃ المبارک ۱۱ بجے شب ملتان میں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

وہ گزشتہ تین سال سے فالج، شوگر اور بلڈ پریشر کے مریض تھے۔ حال ہی میں ان پر فالج کے تین حملے ہوئے اور وہ جانبر نہ ہو سکے۔ مرحوم، مجلس احرارِ اسلام کے قدیم معاون تھے۔ تقسیم ہند سے قبل ہی ان کا تعلق اکابر احرار سے ہو گیا تھا۔ نہایت وضع دار، ملنسار اور دل کے سخی تھے۔ حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ اور حضرت ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ دینی امور میں گہری دلچسپی لیتے اور علماء حق کا بے پناہ احترام کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

اراکین ادارہ حاجی صاحب کے تمام لواحقین و پسماندگان خصوصاً بھائی عبدالحفیظ اور بھائی محمد یوسف صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اور مرحوم کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

چودھری محمد بشیر وینس مرحوم:

مجلس احرارِ اسلام چیچاوطنی کے معاون اور ہمارے کرم فرما محترم چودھری محمد عاطف صاحب کے والد ماجد چودھری محمد بشیر وینس گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ انہیں چیچاوطنی میں سپردِ خاک کیا گیا۔ اراکین ادارہ بھائی محمد عاطف اور دیگر پسماندگان سے تعزیتِ مسنونہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے (آمین)

ابو معاویہ بشیر چغتائی کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن اور ہمارے کرم فرما ابو معاویہ بشیر چغتائی کے والد ماجد طویل علالت کے بعد ۲۸ جولائی ۹۶ء بروز اتوار انتقال کر گئے ہیں۔ اراکین ادارہ ابو معاویہ بشیر، بھائی محمد اقبال چغتائی اور پسماندگان سے اظہار تعزیت اور مرحوم کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ دونوں مرحومین کے لئے خاص طور پر دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)

دعاء صحت

مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے رکن رکین اور خاندانِ امیر شریعت کے کرم فرما محترم سالار عبدالعزیز کی اہلیہ علیل ہیں۔ اراکین ادارہ ان کی صحت کے لئے دعا گو ہیں۔ اور قارئین سے التماس ہے کہ وہ موصوفہ کی صحت یابی کے لئے مسلسل دعا کرتے رہیں۔